
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 13 نومبر 2025

**ہر 5 میں سے 2 (40%) شادی شدہ پاکستانی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ اگر مالی حالات اجازت دیں تو مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے۔**

اس کی حمایت کرنے والوں کی شرح خواتین (30%) کی نسبت مردحضرات میں زیادہ پائی گئی (50%)۔




**اگر مالی حالات اجازت دیں، تو کیا مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے ؟**



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## شادی

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی "ساتویں" پریس ریلیز

"ایک سے زائد شادیوں میں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک"

**ہر 5 میں سے 2 (40%) شادی شدہ پاکستانی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ اگر مالی حالات اجازت دیں تو مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے۔اس کی حمایت کرنے والوں کی شرح خواتین (30%) کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پائی گئی (50%)۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 13 نومبر 2025


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 2 (40%) شادی شدہ پاکستانی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ اگر مالی حالات اجازت دیں تو مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے۔اس کی حمایت کرنے والوں کی شرح خواتین (30%) کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پائی گئی (50%)۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "ایک سے زائد شادیوں میں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" اگر مالی حالات اجازت دیں، تو کیا مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 40% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اگر مالی حالات اجازت دیں، تو مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے۔جبکہ 60% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" مرد کو پھر بھی دوسری شادی نہیں کرنی چاہیے۔

سروے کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ ایک سے زائد شادیوں کے حوالے سے مرد حضرات اور خواتین کی رائے میں واضح فرق پایا جاتا ہے، مرد حضرات دوسری شادی کی زیادہ حمایت کرتے ہیں، جبکہ خواتین کی اکثریت اس کی مخالفت کرتی ہے۔


**" اگر مالی حالات اجازت دیں، تو کیا مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** خواتین کی نسبت مرد حضرات کی زیادہ شرح اس بات سے اتفاق کرتی ہے کہ اگر مالی حالات اجازت دیں تو مرد کو دوسری شادی کرنی چاہیے (%50 مرد حضرات بمقابلہ %30 خواتین)۔ مرد اور خواتین کی رائے میں 20 فیصد کا یہ فرق واضح طور پر مرد حضرات کی زیادہ حمایت کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ خواتین سماجی اور جذباتی وجوہات کے باعث اس کی نسبتاً کم حمایت کرتی ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک و اتفاق کے حوالے سے گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر / بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا – https://gallup.com.pk/post/39168

**پریس ریلیز 2** : ازدواجی تعلقات / تنازعات کا حل – https://gallup.com.pk/post/39171

**پریس ریلیز 3** : پاکستان میں ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری – https://gallup.com.pk/post/39175

**پریس ریلیز 4** : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی مسلسل معاونت – https://gallup.com.pk/post/39178

**پریس ریلیز 5** : ماں کی صحت - طبّی معائنے کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے میں دی جانے والی محدود یا عدم معاونت – https://gallup.com.pk/post/39181

**پریس ریلیز 6** : ایک سے زائد شادیوں میں بیویوں کے درمیان منصفانہ سلوک – https://gallup.com.pk/post/39275

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 13th November 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)